نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

10 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

415/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ نے عارضی رہائشگاہوں کی تعمیر کیلئے سامان پنجاب بھجوادیا

اسلام آباد (10 اگست 2010 ء)___ امریکہ کا ایک چارٹرڈ مال بردار بی۔747 طیارہ جنوبی پنجاب کے 66,000 ہزار لوگوں کیلئے سر چھپانے والے ٹھکانوں کا سامان لے کر آج پاکستان پہنچا۔ سفارتخانہ کے حکام نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کی درخواست پر یہ سامان اور 17,000 کمبل سیلاب زدہ علاقوں میں استعمال کیلئے ملتان پہنچا رہے ہیں۔

متاثرہ خاندانوں کیلئے فوری طور پر سر چھپانے کے عارضی ٹھکانوں کی تعمیر کی غرض سے مقامی طور پر خریدی گئی لکڑی، میخوں اور رسیوں کے ساتھ پلاسٹک کی شیٹس فراہم کی جائیں گی۔

ایک اور پرواز پلاسٹک کی چادروں کے 1,300 رول لے کر جمعرات کو اسلام آباد پہنچ رہی ہے۔ مہاجرین کی عالمی تنظیم (IOM) ان اشیاء کی تقسیم میں معاونت کرے گی۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800